Abdullah Maroofi
Khadim
Shoba-e-Taqassus Fil Hadees
Darul Uloom Deoband.

عبداللہ معروفی
خادم شعبۂ تخصص فی الحدیث
دارالعلوم دیوبند

باسمہ سبحانہ

آج مورخہ ۲۷؍مئی ۵ء، مطابق ۱۸؍ربیع الثانی ۱۴۲۶ھ کو بندہ مدرسہ تجوید القرآن خیروا
مشرقی چمپارن بہار میں حاضر ہوا، مدرسہ کی شہرت پہلے سے سن رکھی تھی، ماشاء اللہ
مدرسہ کی عمارت، تعلیم وتربیت کا نظام وغیرہ دیکھ کر بہت مسرت ہوئی، یہ مدرسہ
صوبہ بہار جیسے پسماندہ علاقہ میں علوم قرآن کی قندیل روشن کئے ہوئے ہے، بعض بچوں سے
قرآن پاک سننے کا بھی اتفاق ہوا، قواعد تجوید کی رعایت کے ساتھ بچوں نے سنایا،
اس مدرسہ میں حفظ قرآن کے پچیس حلقے ہیں، اور ابتدائی عربی کی تعلیم کا بھی نظم ہے،
طلبہ کی مجموعی تعداد تقریباً آٹھ سو ہے جن کے قیام وطعام کی کفالت مدرسہ کرتا ہے
اور یہ سب کچھ عام مسلمانوں کے تبرعات اور چندوں سے پورا ہوتا ہے۔ اس لئے ہمدردان قوم
وملت سے اس ادارہ کی ضروریات کی جانب توجہ دینے کی خصوصی اپیل کیجاتی ہے فقط،
اللہ تعالیٰ مدرسہ کو ہر طرح کی ترقیات سے نوازے اور جملہ شرور وفتن سے محفوظ فرمائے، آمین

عبداللہ

خادم تدریس دارالعلوم دیوبند
۱۸؍۴؍۱۴۲۶ھ